
# خدا کا حیران کن فضل



# خدا کا حیران کن فضل



جس وقت میں 14 سال کی عمر تک پہنچا ، میں
پہلے ہی ہر قسم کی گمراہی او ر قابل تصوربد فعلی میں مبتلا
شراب پینے والا بن چُکا تھا ۔ میں نے وِسکی پینا ایک
چمچ سے شروع کیا تھا اور یہ شراب پینا پانچ گیلن
تک پہنچ چُکا تھا ۔ مناسب تربیت یا مسیحی نظم و ضبط
کے بغیر ، میرے بھائی اور میں جنگلی جانوروں کی مانند
جوان ہوئے تھے ۔ شیطان ، جو اِس دُنیا کا شہزادہ ہے ،
اُس نے میری آنکھوں کو اندھا کر دیا تھا اور میں بد بخت ، خود
غرض ، نا خدا ترس اور تباہ کن زندگی بسر کررہا تھا ۔یہاں راہ ہے
جو انسان کے لیے درست معلوم ہوتی ہے ،
لیکن اِس کا خاتمہ موت ہے ۔ 31
سا ل کی عمر میں ، میری گناہ آلود زندگی
درجہ کمال تک پہنچ چُکی تھی ۔ ایک رات ، میں
پوری طرح شراب کے نشے میں گھر پہنچا اور اُن
لوگوں کو دلائل پیش کرنا شروع کیے جو میرے
ساتھ رہتے تھے ۔ اُنہوں نے مجھے دھمکایا اور خوف
دلایا ۔ ابلیس جو» چوری کرنے ، اور مارنے اور تباہ
کرنے کے لیے آتا ہے اُس نے مجھے قائل کیا کہ میں




اُن چاروں کو اپنے 38 کیلبر پستول کے ساتھ مار دوں ۔ اُن کو گولی مارنے کے بعد ، اُس نے مجھے بتایا کہ میں اپنے آپ کو مار دوں، لہذا میں نے پانچ مرتبہ اپنے آپ کو گولی ماری : دو بارہ معدے میں ، ایک بار پھیپھڑے میں ، اور ایک بار اپنے سر میں ۔ اچانک ، اچانک ، ایک چمکدار روشنی میرے چاروں گرد چمکی اور میں زور دار تیز ہوا کو اپنی طرف آتے سُنا ۔ جیسے کی ٹیلی ویژن سکرین پر ، خدا کے روح نے میرے سب گناہوں کو جو میرے بچپن سے تھے اُن کو عیاں کیا ۔ یہ ادراک کرتے ہوئے کہ میں اپنی جہنم کی راہ پر ایک کھویا ہوا گناہگار تھا کیونکہ 'گناہ کی مزدوری موت ہے‹ میں جہنم میں اپنی روح کو جلتے ہوئے آگ کو محسوس کر سکتا تھا ۔ پھرروح نے کہا :



جو کوئی خداکا نام لے گا نجات پائے گا ۔ ›› سموکنگ گن جو ابھی بھی میرے ہاتھ میں تھی اور خون میرے جسم سے بہہ رہا تھا ، میں رات میں ڈگمگاتے ہوئے زور زور سے چلایا ، اے خداوند یسوع ، مجھے بچا ! جلدی سے ، کچھ خلافِ معمول رونما ہونا شروع ہوا اور میں خدا کے فرشتوں اور بد روحوں کے درمیان ہونے والی جنگ سے آگاہ ہوا ۔ خدا کا روح جلتی ہوئی آگ کی مانند مجھ پر ناز ل ہوا ،

اُن سب شراب ، سگریٹ نوشی ، زناکاری ، کفر ، وغیرہ کی ناپاک روحوں کو مجھ میں سے نکالتے ہوئے ۔ یسوع مسیح کے خون نے مجھے اِن سب گناہوں سے پاک ساف کر دیا اور بڑی سلامتی اور خوشی میرے دل میں بھر گئی ۔ میں خدا کے فرزند کے طور پر ' نئے سرے سے ' پیدا ہو چُکا تھا اور اب شیطان کی طاقت کا اسیر نہیں تھا ۔ پھر یسوع نے مجھے روح القدس سے بھر دیا اور نئ اور غیر زبان میرے منہ سے آسمانی تعریف کرنے لگی ! ابھی تک میری زخمی حالت میں ، میں کسی ریل کے ٹریک پر ڈگمگاتے ہوئے بے یارو مددگار گرا ہوا تھا ۔ میرا بدن سرد پڑ گیا جب مجھ سے خون بہنا جاری رہا ، اور پھر ، اپنے خوف میں ، میں نے ٹرین کو آتے دیکھا ! ابلیس مجھے مارنے کی کوشش کر رہا تھا ، لیکن خداوند نے ایک پولیس مین کو بھیجتے ہوئے جس نے ٹرین کے لیے جھنڈا نیچے کیا مجھے معجزاتی طور پر بچا لیا ۔ پولیس مین نے مجھے سگریٹ کی پیشکش کی ، لیکن اب ، کسی عجیب وجہ سے ، یہ مجھے کسی طرح ناپاک دکھائی دیتی تھی ۔ خدا مجھے مکمل طور پر میری سب بُری عادات سے چھٹکارہ دے چُکا تھا اور مجھے نئ زندگی بخشی تھی ۔ خدا کا بچانے والا فضل کتنا






حیران کن ہے ! ہسپتال لیجانے کے بعد ، ہماری زندگیوں کو بچانے کی تمام کوششیں ناکامیاب تھیں اور ہم سب کو مرنے کے لیے چھوڑ دیا گیا تھا۔ اِس کے باوجود ، خداوند نے ہمارے لیے دعا کرنے کے لیے کچھ مسیحی بھیجے اور ہم پانچوں نے جلدی سے شفا پائی ۔ یسوع صرف روح بچانے والا ہی نہیں ، بلکہ بدن کو شفا دینے والا بھی ہے ۔ یسوع نے اپنے کلام سے روحوں کو نکالا اور اُن سب کو شفا دی، جو بیمار تھے ---
' اور ' جس کے مار کھانے سے تم نے شفا پائی ۔ '



خدا کی راہیں کامل اور سمجھ سے بالاتر ہیں ۔ وہ چھوٹی چڑیوں سے بھی آگاہ ہے ، تو کتنا زیادہ اُن سب کے لیے ہوگا جو اُس کی طرف مڑتے ہیں ۔ یسوع مسیح میرا نجات دہندہ ، میرا شفا دینے والا بنا ، اور اِس کے بعد جلد ہی ، وہ میرا 'حمایت کرنے والا ' بنا ۔ ایک

دن اپنے عدالتی کیس میں ، میں جج کے سامنے جواب دہی کے بغیر کھڑا تھا ۔ ہر چیز میرے خلاف تھی ، لیکن خدا نے جج کے دل کو چھوا اور اُس نے مجھے صرف 20 سال کی سزا دی ۔ اگرچہ مجھے جیل کی سلاخوں کے پیچھے وقت گزارنا



تھا ، میری روح پرندے کی طرح آزاد تھے کیونکہ خدا شاندار طور پر مجھے بدل چُکا تھا ۔ ۔ جو کوئی گناہ کرتا ہے وہ گناہ کا خادم ہے ۔۔ اگر بیٹا تمہیں آزاد کرے گا ، تو تُم بلا شُبہ آزاد ہو گے ۔ ' یسوع کے بارے مزید جاننے کی بھر پور آرزو کے ساتھ، میں نے دعا کی کہ خدا قید خانے میں اِس وقت میری مدد فرمائے ۔ پہلی مرتبہ اپنے قید خانے کے سیل میں داخلے پر ، روح القدس نے مجھے میرے نکمے بستر کو دیکھنے کے لیے کہا ۔ اُس میٹرس کے نیچے دیکھنے پر ، اپنی بڑی حیرانی کے ساتھ ، میں نے وہاں ایک بالکل نئی بائبل کو پایا ۔ ہلیلویاہ ! مسلہ صرف یہ تھا کہ میں نے کبھی نہیں سیکھا تھا کہ اِسے پڑھنا کیسے ہے ، لیکن خدا ، جو سب چیزیں اچھی طرح کرتا ہے ، اُس نے مجھے دن بدن سکھانا شروع کیا ۔



خدا کے کلام کو پڑھتے ہوئے ، میں نے پایا جہاں ساول ، ایک یہودی فریسی ، نے بھی

غیر معمولی تبدیلی کا تجربہ کیا تھا ۔ آج کچھ لوگوں کی مانند ، اُس کا یقین نہیں تھا کہ یسوع خدا کا بیٹا ، مسیحا تھا ۔ اِسی لیے ، اپنے مذہبی جنون میں اُس نے اپنے دور کے بہت سے مسیحیوں کو ایذا دی اور مار ڈالا ۔ اب خدا ، جو بھر پور رحم کرنے والا ہے ، اِس شخص کی طرح انسان کو بچا سکتا تھا ۔ میں نے یہ بھی پڑھا کہ اُس کے تبدیل ہونے کے تین دن بعد، ساول ( جسے اب پولس کے طور پر جانا جاتا ہے ) کو پانی سے بپتسمہ دیا گیا تھا اور پھر خدا نے اُسے روح القدس کے ساتھ بھر دیا ۔ اِس لیے ، یہ ایک تجربہ میری تبدیلی میں کم تھا ، میں نے اپنے سب سے پہلے موقع پر پانی میں غوطہ کھاتے ہوئے بپتسمہ میں خداوند کی تابعداری کی ۔ قید میں میں نے بہت سے مذہبی ریڈیو نشریات کو سُنا اور کارسپونڈنس کورسز کے لیے لکھا ، لیکن اُن کے لٹریچر



کے مطالعہ نے مجھے زیادہ سے زیادہ الجھن میں ڈال دیا ۔ پھر خدا نے مجھے اُن سب کتابوں کو تباہ کرنے کے لیے کہا تاکہ وہ خود مجھے اپنے کلام بائبل سے سکھا سکے ۔ جب وہ ، روح کی سچائی ، آتی ہے ، وہ تمہیں ساری سچائی سکھائے گا ، اور آپ کو سکھانے کے لیے کسی انسان کی ضرورت نہیں ۔۔ یہی تمہیں سب چیزیں سکھائے گا ۔۔ ' خدا کا کلام دن اور رات میری شادمانی بنا ۔آرام ، قوت اور راہنمائی

کے ذریعہ کے طور پر ، اُس کے کلام نے مجھے میری قید کے تمام سالوں میں میری زندگی کو پاک اور فتح مند بنانے کے قابل کیا ۔ مسیح کی محبت کے ساتھ ، دوسرے مسیحیوں کے ساتھ ہم نے اپنے ساتھی قیدیوں کو گواہی دینا شروع کی ، اُن بائبل کی کلاسیں دیں ، اور بیمار کے لیے دعا کرنا سکھایا ۔ میں بہت ایذار سانی میں سے گزرے اور کئی دفعہ ہماری زندگیوں کو خطرہ ہوا لیکن ہم نے یسوع مسیح کے نام کو جلال دینا اور اونچا رکھنا جاری رکھا ۔ آخر کار ، 13 سال کے بعد اپنے اچھے رویے کی وجہ سے مجھے آزاد کر دیا گیا تھا ۔ پھر ، جیسے پطرس کو قید سے رہائی پانے کے بعد دعا کرنے والے مقدسین کے لیے راہنمائی کرنا تھی ، خداوند نے معجزاتی طور پر میری راہنمائی کی کہ اُس کے دعا کرنے والے مقدسین میں سے کچھ کے لیے جو فراموش کر دئے گئے تھے اُن کی خدمت کروں ۔



اِس کے تھوڑی دیر بعد ، میں نے اپنی ساری زندگی اُس کے لیے وقف کر دی جس نے صلیب پر اپنا آپ مجھے دے دیا تھا ۔ اکثر میں حیران ہوتا اور اپنے آپ سے پوچھتا ، کیوں خدا کو کسی کو میری مانند نکمے کے طور پر اپنی خدمت کے لیے چُننا تھا ؟ خدا نے دُنیا کے بیوقوفوں جو چن لیا کہ حکیموں کو شرمندہ کرے اور خدا نے دُنیا

کے کمزوروں کو چُن لیا تاکہ زور آوروں کو شرمندہ کرے ، جی ہاں ، اُس نے بے وجودوں کو چُنیا کہ موجودوں کو نیست کرے ، تا کہ کوئی بشر خدا کے سامنے فخر نہ کرے ۔( یقینا اُس کا کلام پورا ہو چُکا ہے ۔

میرے عزیز دوست ، اگر خدا میری مانند ایک گناہگار کو بچا سکتا ہے ، وہ آپ کو بچا سکتا ہے وہ کسی کو بھی بچا سکتا ہے ۔ لہو جو یسوع نے ساری دُنیا کے گناہوں کے لیے صلیب پر بہایا وہ اب بھی کسی گناہگار کو بچانے ، پاک صاف کرنے اور رہائی دینے کے قابل ہے جو مخلصی کے ساتھ اُس کے پاس آتے ہیں ۔ کیوں آج اپ اپنی زندگی اُس کے حوالے نہیں کرتے ؟ یسوع مسیح جلد آ رہا ہے ! وہ اُس دن کی تیاری کے لیے آپ کی پاک اور فتح یاب زندگی گزارنے میں مدد کر سکتا ہے ۔ کیا فطرت کی ساری مملکت میری تھی ،

**محبت حیران کن تھی ، الٰہی تھی ، میری زندگی ، میری جان ، میرے سب کچھ کا تقاضا تھا ! اِسی طرح میرے لیے زندہ رہنا مسیح ، اور مرنا منافع ہے ! خدمت کے لیے بچایا جانا ، سیموئیل ڈرین**



**دعا:** اے باپ میں اپنے سب گناہوں سے توبہ کرتا ہوں ( تفصیل
کے ساتھ اپنے گناہوں کا اقرار کیجیے )۔ مجھے معاف کر ، مجھے اپنے
بیٹے ، یسوع مسیح کے خون سے پاک صاف کر ۔ مجھے اپنے روح
القدس کی مہر کر دے اور مجھے مسیح کے جلد آنے کے لیے تیار کر
، یسوع کے نام میں ، اے خداوند تیرا شکر ہو ۔ آمین ۔ بائبل کے
**اقتباسات :** امثال 14 :12 ، یوحنا 10 :10 ، رومیوں 6 : 23 ،
رومیوں 10 : 9 ۔ 13، یوحنا 3: 3۔ 5 ، اعمال 2: 1۔ 4 ، 1
کرنتھیوں 14: 2 ، 14: 18، متی 8: 16، 17، 1 پطرس 2: 24،
یوحنا 8 : 34، 36، اعمال 9: 1۔ 20، یوحنا 16 : 13،
1 یوحنا 2: 27، اعمال 12: 1 ۔ 17، لوقا 14: 26۔ 33 ،
1 کرنتھیوں 1 : 26۔ 29، فلپیوں 1 : 21

